ین

ستی نہو

ہر تہ فاسق ایسے

مرد ہو۔ یعنی عورت اور

سے ہر حلال زادہ ہو ۵ مجتہد ہو اس معنے سے کہ مسائل

جنکے نکالنے مین ملکہ ترجیح رکہتا ہو جسکو مجتہد جامع الشرائط کہتے ہین

ایسے عالم کے کہے کے مطابق احکام خدا بجالانے کو تقلید کہتے ہین۔

## کلمہ

لاالٰہ الاّ اللہ محمد رسول اللہ علیٌ ولی اللہ وصی رسول اللہ معنی کلمہ

لاالٰہ الا اللہ۔ یعنے دوسرا کوئی معبود نہین ہے مگر خدا معبود ہے

محمد رسول اللہ۔ یعنے ہمارے پیغمبر خاتم النبین حضرت محمد مصطفے صلی اللہ

علیہ و آلہ وسلم خدا کے جانب سے ہمپر رسول ہین۔ علیٌ ولی اللہ۔ یعنے

حضرت علی علیہ السلام خدا کی جانب سے ہمارے حاکم اور اولی بالتصرف

ہین۔ وصی رسول اللہ۔ یعنے حضرت علی علیہ السلام وصی پیغمبر کے ہین

## بیان صفات ثبوتیہ کا

یعنے خدا کی صفتون کا بیان جو خدا کی ذات کے لائق ہین ہر انسان

پرواجب ہے کہ اول اپنے خدا کو پہچانے بعد اوسکے صفتون کو بہی جانے

اسلئے کہ جسمین یہ صفتیں نہ ہون وہ رب العالمین یعنے دونون جہان کا

...چیز

...ا کرتا ہے ۵ ...

...وجود ہوئی ... ۵

...ہے کا ۵ مرید ہے یعنی صاحب ارادہ ہے اور جو چیز پیدا ہوتی ہے

...تی ہے یعنی بے اختیاری سے نہین ہوتی ہے

...والا ہے ہر چیز کے ظاہر و باطن کا بغیر اعضا کے

...اکرنے والا بات کا ہے جس چیز سے چاہے

چنانچہ درخت کو قدرت دی تھی کہ حضرت موسی علیہ السلام سے باتین
کرتا تھا ۵ صادق ہے یعنے کلام خدا کا راست اور سچا ہے ۔

## بیان صفات سلبیہ کا

یعنے خدا کی ذات کے قابل نہین ہین اون صفتونکا بیان وہ صفات
سلبیہ بھی آٹھ ہین ۔ اول یہ کہ وہ خداوند تعالے شریک اور مثل
اپنی ذات مین نہین رکھتا ۔ دوسرے مرکب اور جسم اور جوہر
و عرض سے نہین بنا ہی مانند آدمی کے جو پانی اور مٹی سے ترکیب
پایا ہے اور کسی چیز کی حاجت اپنی خلقت مین حق تعالے نہین رکھتا ہے
تیسرے متحیز نہین ہے یعنی ایک جگہہ اور ایک مقام مین نہین ہے
...دا اپنی قدرت کاملہ سے ہر جگہہ حاضر اور موجود ہے مخصوص

ےپر

ےسرے

رں لرتی سے حیب وت

رہں الی کے لئے یہ بات روا نہین ہے

پانچوین خدا محل حوادث نہین ہی جو احوال مختلف رکہتا ہووے کہ پہلے اور طرح تہا بعد اسکے اور طرح کا ہو گیا جیسا کہ جوان تہا بڈھا ہو گیا یا دتہا بہول گیا یا جاگتا تہا سو گیا اسکو حدوث کہتے مین جو ایک حال سے دوسرا حال ہو جاوے چہٹے مرئی نہین ہے یعنی خدا دیکہنے مین نہین آتا ہی نہ دنیا مین نہ عقبے مین ساتوین محتاج دوسرے کا ذات اور صفات مین نہین بے مثل خلاف کے آٹہوین صفات زائد اوسکے ذات پر نہین سب صفات عین ذات اوسکی ہین مثل اسکے کہ آدمی جب لکہنے لگا تب کاتب ہوا کتابت کا فن اوسکی ذات سے زائد ہی پس خدا ایسا نہین ہے —

## اصول دین

یعنے دین کی جڑین پانچ ہین۔ اول توحید یعنے خدا ایک ہی اوسکا کوئی شریک نہین ہی اور اوسکے باپ مان جورو بچا ہمسر نہین ہی دوسرے عدل یعنے خدا انصاف کرنے والا ہی اور ظالم نہین ہے جو جیسا کرے گا ویسا پاوے گا یعنے جو اوس کا حکم بجالاوے گا اوسکو جنت دیگا اور جو اوسکے حکم کے خلاف کرے گا وہ شخص عذاب کیا جائیگا جو مصیائب اور بلیات ہمپر وارد ہوتے ہین وہ بہی عین عدل جناب اقدس الہی ہے

ن

دل است

نبوت یعنی ہمارے پیغمبر

سوا لاکھ چوبیس ہزار پیغمبر جو خدا نے بھیجے ہین اون سب کے سردار ہین اور یہ دین اسلام قیامت تک قایم رہیگا اور کوئی دوسرا پیغمبر نہ آئے گا - چوتھے

امامت یعنی جناب امیرالمومنین حضرت علی علیہ السلام اور حضرت امام حسن علیہ السلام اور حضرت امام حسین علیہ السلام اور حضرت امام زین العابدین علیہ السلام اور حضرت امام محمد باقر علیہ السلام اور حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام اور حضرت امام موسی کاظم علیہ السلام اور حضرت امام علی موسی رضا علیہ السلام اور حضرت امام محمد تقی علیہ السلام اور حضرت امام علی نقی علیہ السلام اور حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام اور حضرت امام محمد مہدی صاحب الزمان علیہ السلام یہ بارہ امام بارہ خلیفہ ہین تیرہوان کوئی امام وخلیفہ نہین ہے اور بارہوین امام حضرت امام محمد مہدی صاحب الزمان علیہ السلام خدا کے حکم سے غائب ہین جسوقت حکم خدا کا ہوگا اوسوقت ظہور کرینگے اللہم عجل فرجہم

**پانچوین** - معاد یعنے قیامت کا آنا برحق ہے - **قیامت** اوس روز کو کہتے ہین کہ جس روز ہم سب کو مرنیکے بعد خدا پہر زندہ کریگا اور حساب لیگا اور وہ دن پچاس ہزار برس کا ایک دن ہوگا یہ قرآن مجید سے ثابت ہے آفتاب سوا نیزے پر کہڑا رہیگا اور زمین مثل تانبے کے

مکلف
...ا حق ہے
...ر ...ور حساب روز قیامت
...ان ہے اور جنت و جہنم سب برحق ہین اور یہہ
سب ہونے والی ہین اس مین کسی طرح کا شک و شبہہ
نہین ہے۔

## بیان پیغمبر کے پہچان کا

جاننا چاہیے کہ نبیون کے باپ دادا مسلمان ہوتے آئے ہین اور اسیطرح ہمارے پیغمبر کے باپ دادا بہی حضرت آدم تک مسلمان تہی اور حضرت ابراہیم کے باپ تارخ تہے اور آذر بت تراش اونکا چچا تہا۔ اور نبیون نے بچپن سے آخر عمر تک کوئی گناہ کبیرہ اور صغیرہ جانکر یا بہول سے کبہی نہین ہوتا ہے اور نبی کبہی کوئی برا کسب مثل حجامی اور جلاہے کے نہین کرتے ہین۔ اور نبیون کے بدن مین کوئی عیب مثل کوڑہ اور داغ سفید اور جذام وغیرہ کے نہین ہوتا ہی۔ اور بہرے اور گونگے اور لنگڑے بہی نہین ہوتے ہین۔ اور نبیون کی بری ذات ہی نہین ہوتی ہے۔ اور جنکے پاس کتاب آئی ہے وہ رسول ہین۔ اور جنکے پاس کتاب نہین ہے فقط الہام یا خواب ہوتا ہی یا فرشتون کی آواز سنتے ہین وہ نبی ہین۔ اور جس پیغمبر کے دوسرے انبیا تابع ہون وہ نبی مرسل

لهذا کتاب ہذا

دوم۔ روزہ۔

ششم۔ جہاد۔ ہفتم۔

نہم۔ تولا۔ دہم۔ تبرّا۔

## فروع دین کے معنی

اول۔ نماز۔ یعنے ہر روز پانچ وقت کی نماز اور دوسرے گیارہ قسم کی نمازین جو تفصیل سے لکھی ہین وہ سب پڑہنا واجب ہے بالغ شرعی پر بیٹے کو پندرہ برس ہونے سے اور بیٹی کو نو برس پورے ہونے سے ــــ

## بیان نماز پڑہنے کی فائدون کا

نماز پڑہنے کے فائدون مین بہت سی کتابین لکھی ہوئی ہین جیساکہ حدیث مین ہمارے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہی کہ نماز ستون دین ہے یعنے دین کا تھم ہے اور بہترین عبادت سے ہے اور حدیث مین وارد ہے کہ کوئی بندہ خدا سی نزدیک نہین ہوتا بعد پہچاننے خدا کے ساتہ کسی چیز سے جو بہتر نماز نوافل سے ہو اور نماز سے نزدیکی خدا کی حاصل ہوتی ہے

سے
ر نماز
ن گئے اور جسکی نماز
رت ہو یا مرد جلد ادا کرے
ت پہے سر پر رہلے نہ مرجائے جو اول قضا ہوئی ہو اول
ادا کرے اور جو بعد قضا ہوئی ہو بعد ادا کرے ۔ اور فائدے نماز کے
پڑھنے کے بہت ہین اوس مین سے پینتالیس[45] فائدے یہ ہین کہ ۔ کتاب
جامع الاخبار ۔ مین وارد ہے کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ نماز پنجگانہ خوشنودی خدا کی ہے اور
دوستی فرشتون کی اور طریقہ پیغمبرون کا اور نور معرفت کا اور دعا
اور اعمال قبول ہوتے ہین اور برکت ہوتی ہی رزق مین اور راحت
بدن مین اور ہتیار ہے دشمنو نپر ناگوار ہے شیطان پر اور نماز شفیع ہی
درمیان صاحب اور ملک الموت کے اور چراغ ہے قبر مین اور
فرش ہی دونون پہلو کے نیچے قبر مین جواب ہے نکیرین کا قبر مین اور
ہمنشین ہے خوشی اور مصیبتون مین اور ہمراہ چلنے والی ہی قبر مین اور
آراستگی دین کی پانچ وقت کی نماز ہے اور چراغ مومن کے دل کا
نماز ہے رکن مومن کا نماز ہے اور قیمت بہشت کی پانچون وقت
کی نماز ہے اور چھٹی مومن کی نجات کی آگ سے یعنی جہنم کا چھٹکارا
پانچ وقت کی نماز ہے اور نیکی دنیا اور آخرت کی نماز ہے اور نماز
سے جدا ہوتا ہی مومن کافر سے اور جدا ہوتا ہے مخلص منافق سے

ہیں
اور
کی اور
نماز سے فرشتے طلب
والونکی مغفرت چاہتے ہین اور
شیاطین پر اور کفارہ ہے تمام گناہون کا اور قلعہ ہے تمام مال کا اور نماز کے سبب سی گواہی قبول کیجاتی ہے اور نماز رونق و آبادی ہے سب مسجدون کی اور یہی نماز مہر ہے حوران بہشتی کا اور اسی نماز سے لگائے جاتے ہین درخت بہشت مین اور اسی نماز سے خدا نثار کرتا ہے رحمت کو اپنی نماز پڑہنے والون پر ۔

## بیان عذاب و عقاب نماز ترک کرنیکا

ہمارے پیغمبر حضرت محمد مصطفے صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا ہی کہ جسنے ایک وقت عمداً نماز کو ترک کیا یہانتک کہ وقت گذر جائے وہ شخص عذاب کیا جائیگا کہ ایک حقب اور حقب اسی برس کا ہوگا اور ہر برس تین سو ستر دن کا ہوگا ۔

## نماز ترک کرنیوالون کے بیان مین

| | |
|---|---|
| نماز ایک جس شخص نے ترک کی | تو خون اوسنے اپنا کیا بے چھری |
| اگر دو نماز دن کا تارک ہوا | تو گویا کہ خون اک نبی کا کیا |

ں نے

ے ہوشیار

رون اوسکے حالات کا

ہوا میری طاعت سے بیزار تو | یہ تونے جو کی ترک میری نماز
بہت مین بہی بیزار ہون تجہسے اب | غضب کا ہوا اب سزاوار تو
مرے آسمان و زمین سے نکل | خدا اور اپنے لئے کر طلب
| کہین اور رہ جا کے اے بد عمل

پیغمبر نے نماز کے ضائع کرنے والے اور سبک کرنے والیکے حق مین فرمایا ہے - ابیات

یہ ارشاد کرتے ہین شاہ حجاز | سبک اور ضائع کرے جو نماز
نہین مجہسے اور میری امت سے وہ | بہت دور ہی حقکی رحمت سے و

دوسرا روزہ

یعنے رمضان کے مہینے مین یہ چاند سے وہ چاند تک روزہ رکہنا واجب ہے ہر بالغ شرعی پر —

تیسرا حج

اوس
قرض داری
تب جانا واجب --

## چوتھے زکواۃ

یعنے ایک برس تک صندوق مین چالیس روپیہ رکھے ہون تو اوسمین سے ایک روپیہ زکواۃ کا نکالنا واجب ہی یہ حق مستحق فقیرون کا ہی اور اسی حساب سے جتنا روپیہ ہو-

## پانچوین خمس

یعنے کمائی مین سے سب خرچ نکالکر جو باقی رہے اوسمین سے پانچوان حصہ خمس نکالنا واجب ہی اس زمانیمین خمس حق فقراء سادات ہی خود خمس نکالنی والا آدہا فقراء سادات کو دیسکتا ہے اور آدہا مجتہد کے ہاتہ دیوے کہ وہ فقراء سادات کو پہونچا وے -

## چہٹے جہاد

یعنے کفار سے راہِ خدا مین جنگ کرنا امام کے حکم سے -

## ساتوین امر بالمعروف

یعنی جو خدانی حکم کیا ہی اگر کوئی برادر مومن نہین کرتا ہو تو اوسکو کرنیکے لئے حکم کرے -

پیمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ اور اونکی

ال طاہرین علیہم السلام نے حکم فرمایا ہوا وسپر عمل کرنا اور اون کی
اتباع کرنا اور اللہ جل شانہ سے محبت اور اوسکے دوستونسے محبت اور
انبیا علیہم الصلواۃ والسلام سے محبت اور اون کے دوستونسے محبت اور
جناب محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت اور اون کے دوستونسے
محبت اور جناب فاطمۃ الزہرا صلواۃ اللہ علیہا سے محبت اور اون کے
دوستون سے محبت اور بارہ امام علیہم الصلواۃ والسلام سے محبت
اور اون کے دوستونسے محبت اور ان سب حضرات کے دوستون کے
دوستونسے بہی محبت روز ازل سے ابتک اور آیندہ روز قیامت تک رکھنا

## دسوین تبرا

یعنے جن چیزون سے اجتناب کرنیکے لئے محمد وآل محمد علیہم السلام نے
حکم فرمایا ہو اوس سے اجتناب کرے اور اللہ جل شانہ کے دشمنون سے
نفرت اور انبیا علیہم الصلواۃ والسلام کے دشمنونسے نفرت اور
جناب محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دشمنون سے نفرت اور
جناب فاطمۃ الزہرا صلواۃ اللہ علیہا کے دشمنون سے نفرت اور بارہ امام

اب پاخانہ کے دس ہیں

اور اپنی خریدی ہوئی لونڈی غیر شرکت اور غیر آزاد اور غیر شوہر دار کے اور بے سمجھ بچے کے دوسرے۔ نہ بیٹھنا قبلہ کیطرف منھہ کرکے تیسرے۔ نہ بیٹھنا قبلہ کی طرف پیٹھ کرکے چوتھے۔ نہ بیٹھنا مکان محترم مثل مسجد وغیرہ مین پانچوین نہ بیٹھنا ملک غیر مین بغیر حکم مالک کے چھٹے دہونا مخرج بول یعنے پیشاب کی جگھہ کا پاک پانی سے ایک دفعہ اگرچہ تین دفعہ دہونا افضل ہے اور اگر پیشاب پھیلا ہو تو دو دفعہ دہونا واجب ہے اور جو لڑکا دو برس سے کم ہو اور اکثر دودہ پیتا ہو تو اوسکا پیشاب پانی ڈالنے سے جو پیشاب کو احاطہ کرے پاک ہوجاتا ہے اور پاخانہ کی جگھہ کو اتنا دہووے کہ نجاست نکلجائے ساتوین۔ پاک نہ کرنا پاخانہ کی جگھہ کا سرگین سے یعنے گوبر سے آٹھوین۔ پاک نہ کرنا اون چیزونسے کہ جو صاحب حرمت ہون مثل نان اور احتیاطاً مثل آب زمزم وغیرہ کے اور اسیطرح غیر کے مال سے بغیر حکم کے نوین۔ پاک نہ کرنا پاخانہ کی جگھہ کو ہڈی سے دسوین۔ پاک نہ کرنا مخرج غائیط کا یعنے پاخانہ کی جگھہ کا اوس

استبرا کا طریقہ یہ ہی کہ بعد موقوف
ہوے سرر سے پاگخانہ کی جگہہ سے پیشاب کی جگہہ کی جڑ تک بیچ کی
اونگلی سے تین دفعہ کہینچے بعد اوسکے کلمہ کی اونگلے نیچے اور انگوٹہے کو
اوپر پیشاب کی جگہہ کے رکہکر قوت سے تین دفعہ اوسکے سر تک کہینچے
بعد اوسکے پیشاب کی جگہہ کے سر کو تین دفعہ نچوڑے اور فائدہ استبرا کا
یہ ہے کہ اگر بعد استبرے کے کوئی مرد رطوبت دیکہے اور نہ جانے
کہ پیشاب ہی یا دوسری چیز تو وہ رطوبت مرد کی پاک ہی اور اگر
بعد وضو کے ظاہر ہو تو وضو اوس کا باطل نہین ہوتا اور اگر استبرا
نہین کیا ہو تو وہ رطوبت مرد کی نجس ہے اور وضو بہی اوس سے
ٹوٹ جاتا ہے —

## بیان وضو کا جو واجب ہی

دو دہونے اور دو مسح کرنیکو وضو کہتے مین یعنے منہہ کا دہونا
سر کے بال اوگنے کی جگہہ سے ٹہڈی تک لمبان مین اور انگوٹہا
اور بیچ کی اونگلی مین سماوے اتنا چوڑائی مین منہہ دہونا واجب
ہے اور دہونا دونون ہاتون کا کہنی سے اونگلیون کے سر تک

ور

۱ نیت۔ یعنے د

۲ ترتیب۔ یعنے اوّل منہہ دہونا بعد سید ہا ہاتہ بعد بایان ہاتہ دہونا۔ اوسکے بعد سر کا مسح۔ اوسکے بعد دونون پاؤن کا مسح کرنا ۳ موالات۔ یعنے ایک کے بعد ایک ایسا دہونا اور مسح کرنا کہ اگلے سب اعضا سوکہہ نہ جائین ۴۔ خود اپنے ہاتہ سے اپنا وضو کرنا یعنی دوسرے سے اپنا وضو نہ کروانا مگر جسوقت کہ بیمار رہو اور ہاتہ پاؤن مشکل سے ہل سکین تب دوسرے کے ہاتہ سے وضو کروانا درست ہی ۵ پانی مباح ہونا۔ یعنی غیر کا پانی نہین ہونا۔ ۶ پانی نجس نہ ہو ۷ پانی مضاف نہ ہو یعنی مثل گلاب وغیرہ کے اور مشتبہ مضاف کے ساتہ بہی نہ ہو۔ ۸ پانی مشتبہ غصبی کے ساتہ بہی نہ ہو یعنی ایک پانی کا برتن اپنا ہوا اور دوسرا پرایا ہوا اوس مین نہ پہچانے کہ اپنا کونسا ہی مشتبہ بہ غصبی اسکو کہتے ہین تو دونون پانی سے بہی وضو نہ کرنا چاہیئے اور ایسا ہی پانی مشتبہ نجس پانی کے ساتہ نہ ہو جیسا کہ دو پانی ہین ایکمین نجاست گری ہی یقین حاصل نہین ہوتا کہ نجاست کا چہینٹا کس مین گرا تہا تو اون دونون

حاق
دیا نکی مانع
م ہون - ۱۱ جس
حصبی نہ ہو ۱۲ اعضائی وضو
اوس سوسے دہونے اور مسح کرنیکے آگے پاک ہون ۱۳ آب وضو
ظرف غصبی یا طلائی ویا نقرئی مین بہ شرطیکہ منحصر نہ ہو نہ ہونا چاہیے
۱۴ تمام منہہ کے دہونے اور ہاتون کے دہونے مین اوپر سے نیچے کیطرف
ہووے یعنی نیچے سے اوپر الٹا نہ دہووے اور ہاتہ کی رطوبت سی
مسح کرے یعنی مسح کرنیکے واسطے دوسرا پانی نہ لے اور اگر ہاتہ سوکہ
گیا ہو تو اعضائے وضو مین جہان رطوبت باقی ہو وہان سے لے
اور ہتیلی سے یا اونگلیونسے یا دونون سے مسح کرنا چاہیے -
۱۵ اعضاء وضو مین کوئی چیز پانی کے پہونچنے مین مانع نہ ہو مثل
موم اور تنگ انگوٹھی وغیرہ کے اور مثل ناخن کے میل کے جو عادت
سے زیادہ ہو اور اسیطرح مسح کرنیکی جگہہ مین بہی کوئی چیز مانع نہ ہو
۱۶ وضو منافی تقیہ اور منافی حق غیر نہ ہو مثل وضوء اجیر خاص کہ
وضو اوس کا بغیر اذن مستاجر کے صحیح نہین ہے

## غسل واجب کا بیان

جان تو کہ غسل واجب چہہ ہین - پہلا غسل جنابت دوسرا غسل مس میت
تیسرا غسل میت چوتہا غسل حیض پانچوان غسل استحاضہ چہٹا

جان تو کہ
یہی والہ شرطیت
غسل ترتیبی مین واجب
کے اور غسل ارتماسی مین ترتیب واجب نہین ہے اور ابتدا
با علے بہی غسل مین شرط نہین ہے ۔

## غسل ترتیبی کا بیان

جان تو کہ غسل ترتیبی مین نیت کے بعد اول سر اور گردن کو دہونا
بعد سیدہی طرف کا آدہا بدن دہونا بعد بائین طرف کا آدہا بدن
دہونا اور آگے پیچہے کو اور ناف کو دونون طرف مین ملا کے دہونا بہتر ہے

## غسل ارتماسی کا بیان

جان تو کہ غسل ارتماسی مین نیت کے ساتہ پانی مین غوطہ مارنا یعنی پانیکے اندر جانا
اور دریا اور حوض وغیرہ مین بہی جو کرسی کم نہ ہو غسل ترتیبی کر سکتا ہی یعنے پہلی سر
اور گردن کی نیت سی غوطہ مارے بعد سیدہی آدہے بدنکی نیت سی ایک غوطہ
مارے بعد بائین آدہی بدنکی نیت سی ایک غوطہ مار ہی اور سوائ غسل جنابت کے
باقی سب غسلو نمین نماز کے واسطی وضو کرنا واجب ہی ۔ اور غسل جنابت مین وضو کرنا حرام
ہے

زیادہ
ضہ ہے اور ایسا
اضہ ہے اور جو عادت
ں خون نہ آوے وہ استحاضہ ہے اور

جو دس دن پر تمام ہو یا دس دن سے کم ہو تین دن سے زیادہ یا تین دن
پورے ہوں تو وہ حیض ہے اور دو حیض کے درمیان کی مدت کو طہر
کہتے ہیں وہ دس دن سے کم نہیں ہوتی اور جو عورت نو برس سے کم ہو
یا پچاس برس سے زیادہ بشرطیکہ قرشی نہ ہو اگر وہ خون دیکھے استحاضہ
ہے اور جو عورت قرشی ہو جیسے سیدانی اوسکو ساٹھہ برس تک حیض
کا خون آسکتا ہے بنا بر مشہور کے بعد اسکے اگر آوے تو استحاضہ ہوگا
اور اگر پھوڑے سے یا زخم سے اندر سے خون آوے نہ استحاضہ ہے
کہ حیض ہے اس کا غسل نہیں بس طہارت کافی ہے اور استحاضہ تین قسم پر ہے
قلیلہ اور متوسطہ اور کثیرہ۔ قلیلہ وہ ہے جو پنبہ یعنی روئی کہ عورت
استحاضہ والی معمولی کپڑے کے اوپر رکھتی ہے اوسکے اندر خون
در نہ آوے۔ اور متوسطہ وہ ہے کہ روئی میں در آوی لیکن
باہر تک نہ پہونچے۔ کثیرہ وہ ہے کہ روئی کے باہر آکر کپڑے
تک پہونچے اگرچہ کپڑے میں در نہ آوے۔ استحاضۂ قلیلہ میں
غسل نہیں ہر نماز کیواسطے روئی بدلنا بدن پاک کرنا اور
ہر ایک نماز کے لئے جدا وضو کرنا واجب ہے۔ اور متوسطہ میں

واجب
کے پیشتر
کی نماز کے پیشتر
اور نفاس کا خون زیادہ دس
نہین اگر ایک لحظہ بہی ہو نفاس ہی اور جب خون بالکل قطع ہووے روزہ اور
نماز اوسپر واجب ہی اگر بسبب خوف ضرر کے غسل نہ کر سکے تو واجب ہے کہ تیمم
کر کے نماز پڑہے اور دس دنسے زیادہ جو آوے وہ استحاضہ ہی
نفاس نہین مثلاً اون دنون کے جو عادتسے زیادہ ہون پس اس
صورت مین ایام عادت سی جو زیادہ ہی اون دنون کے روزہ اور
نماز کو قضا بجا لاوے اور اگر دس دن پر قطع ہووے تمام نفاس ہے
اور حیض و نفاس مین نماز ساقط ہی نہ ادا چاہیئے نہ قضا مگر روزے
بعد غسل کے قضا کرنی لازم ہین اور حالت حیض اور نفاس مین مجامعت
حرام ہی اگر کوئی ایسی حرکت اپنی زوجہ سے کرے اول حیض مین
ایک مثقال سونا کفارہ دے مستحق کو اور بیچ مین نصف مثقال اور
آخر مین پاؤ مثقال اور حالت حیض اور حالت نفاس مین اور حالت جنابت
مین سب مسجدونمین توقف کرنا اور کوئی چیز رکہنا حرام ہے اور مسجد الحرام
مین اور مسجد نبی مین گزرنا بہی حرام ہی اور طواف کعبۂ معظمہ بہی حرام ہی
اور پڑہنا سورۂ عزائم کا کہ جسمین سجدہ واجب ہی حرام ہی اگرچہ ایک حرف
بہی ہووے سورہ ہائے عزائم چار ہین - ایک الم سجدہ - اور دوسرے

دن لو

ہیہم السلام

ا ... درانکا اوٹھانا اگرچہ

... ورمہندی لگانا بھی مکروہ ہے ایام حیض

مین وقت نماز وضو کرکے رو بقبلہ بیٹھکر ذکر خدا کرنا مستحب ہے اور ثواب ہے

اور حالت جنابت مین کہانا پینا مکروہ ہے اگر کہاوے تو وضو کرلے

یا تین مرتبہ کلی کرلے اور پانی تین مرتبہ ناک مین ڈالے اگر غسل

حیض یا نفاس یا جنابت یا مس میت کا کسے پر واجب ہو اور وقت

اتنا باقی ہو کہ جلد غسل کرکے ایک رکعت نماز پڑھ سکے تو واجب

ہے کہ فوراً غسل کرکے نماز پڑہے اگرچہ باقی رکعتین خارج وقت مین

ہون اگر روزہ رمضان کا ہو تو رات سے غسل کرے صبح ہونے سے پہلے

## تیمم کا بیان

جان تو کہ تیمم بدل ہوتا ہے وضو سے اور بدل ہوتا ہے غسل سے

جسوقت پانی حاصل ہونا ممکن نہ ہو یا مشکل ہو یا خوف ضرر جان یا مال

یا آبرو کا ہو یا وقت تنگ ہو یا استعمال آب سے حرام مین مبتلا ہو

یا تطہیر نجاست کیلئے سوائے اوسکے دوسرا پانی نہ ہو۔

### تیمم چہہ چیز پر کرسکتا ہے

سلہ خاک سلہ زمین سلہ ریتی سلہ پتھر سلہ غبار والی چیز مثل توشک

ہر جنب

اور بغذر

جاننا چاہیئے کہ بس

کے ساتہ نہ ہوا ور غضبی نہ ہو

حکم پانی کے جو گذرا اور خاک مین کوئی دوسری چیز ملی نہ ہو یعنے خاک خالص ہو اگر تیمم بدل وضو کے ہی تو وضو کی نیت کرنا اور اگر تیمم بدل غسل کے ہی تو غسل کی نیت کرنا اور اگر دو تیمم اوسپر واجب ہین تو ایک تیمم وضو کے بدلے اور ایک تیمم غسل کے بدلے دو تیمم کرنا اور تیمم مین بہی واجبات وضو سب واجب ہین یعنے وہ سولہ شرطین جو وضو مین بیان ہوئین وہ سب تیمم مین بہی ادا کرنا چاہیئے —

## تیمم کی صورت کا بیان

جان تو زمین جو پاک ہو نیت کرکے دونون ہاتون کو ملا کر برابر ایک دفعہ مارے اسکے بعد دونون ہاتون کو برابر ملا کر ہتھیلیونکو سر کے بال اوگنے کی جگہہ سے ناک کی جڑ تک اوپر سے نیچے کیطرف بہون تک کہینچے اور اوسکے بعد بائین ہاتہ کو سیدہے ہاتہ کی پیٹہہ پہ گٹے سے انگلیون کے سر تک کہینچے اور اوسکے بعد سیدہے ہاتہ کو بائین ہاتہ کی پیٹہہ پہ گٹے سے اونگلیونکے سر تک کہینچے اور غسل مین

ی

ین دو بار

ر ۔ ں صو

ب یعنے وضو کی توڑنے والی چیزین دس ہین اول ۔ پیشاب کا نکلجانا دوم ۔ پیخانہ نکلجانا سوم ۔ سوجانا چہارم بیہوشی و مستی و دیوانگی پنجم ۔ حیض ششم ۔ استحاضہ ہفتم نفاس جو عورتون کو ہوتا ہی ہشتم مس میت ۔ نہم ۔ رطوبت مشتبہ بول یعنے پیشاب کرنیکے بعد جو رطوبت نکلتی ہے اور معلوم نہ ہووے کہ وہ کیا ہی اگر استبرا نہ کیا ہو دہم ریاح یعنے ہوا کا نکلجانا ۔

## بیان نجاستونکا یعنی نجس چیزین دس ہین

۱ ۔ پیشاب ۔ ۲ ۔ پاءخانہ آدمی کا اور ہر حیوان حرام گوشت کا جو خون جہندہ رکہتا ہو ۔ ۳ ۔ خون ۔ ۴ ۔ منی ۔ ۵ ۔ میت ہر حیوان کی جو خون جہندہ رکہتا ہو اگرچہ حیوان حلال گوشت ہو مگر انسانکی میت جو مومن ہو تمیون غسل دینے کے بعد پاک ہوجاتی ہی ۔ ۶ ۔ کتا ۔ ۷ ۔ سور ۔ ۸ ۔ کافر اور مشرک ۹ ۔ شراب اور جوش کہایا ہوا انگور کا پانی دو ثلث کم ہونیکے آگے اور ہر نشہ والی چیز جو اصل مین پانی ہو ۔ ۱۰ ۔ فقاع یعنے جو کو بہگو کر تیلتے ہین اور اوسمین نشہ ہوتا ہی ۔

پہلا۔ پا
پاک کرتا ہی ر
بہتا ہوا یا برسات
سلے۔ (۲) ۔ زمین کہ وہ پاک کرتی ہے
اور جوتے کے تلون کو اور گاڑی کے چاک سئے پٹے کو جو زمین پر گہستا ہی
اور مثل اوسکے ہر چیز جو راستہ چلنے مین زمین پر گہستی ہے بہ شرطیکہ
زمین پاک ہو اور خشک ہوا ور اتنا ملے یا گہسے کہ عین نجاست نکلجاے
(۳) ۔ آفتاب کہ وہ پاک کرتا ہی نجس زمین کو اور حصیر کو اور بوریا
یعنے چٹائی کو اور دیوار کو اور کوٹے کو بشرطیکہ یہ سب چیزین
گیلی ہون اور آفتاب سی خشک ہون یعنے ہوا سے سوکہی نہون
اور اگر ہوا سے سوکہی ہون تو آفتاب نکلنے کیوقت بہگا دے کہ آفتاب مین
سوکہے اور اسیطرح آفتاب پاک کرتا ہے جہاڑون کو اور اونکے میوونکو
اور جو چیزین زمین سے اوگی ہون اور زمین سے جدا نہ ہوئی ہون مثل
گہانس وغیرہ کے (۴) استحالہ یعنی کوئی نجس چیز ایک صورت سے
بدلکر دوسری صورت بن جائے جیسا کہ کوئی نجس مٹی سے برتن بنادے
یا اینٹ بنا دے وہ پکانے سے پاک نہین ہوتی مگر دہونے سے پاک
ہوتا ہے اور بہتر یہ ہے کہ آب کر مین دبا کر اتنی دیر تک رکہے کہ پانی
اوسکے جگر مین یہو پہنچے تب وہ پاک ہوتی ہین (۵) انقلاب جیسے شراب سرکہ

ے

ے بدن کو

یسے پاک ہوجاتا ہے۔

(۸) ...است از بدن حیوان یعنے نکلجانا نجاست کا حیوان کے بدن سے اور خشک ہونا اوسکی رطوبت کا۔ (۹) نکلجانا معمولی خونکا ذبح کئے ہوئے حیوان کے گلے سے بشرطیکہ پھر وہ خون پلٹ کر اوسکے جسم مین داخل نہ ہو وہ پاک کرنے والا ہی گوشت مین باقی رہے ہوئے خونکا یعنے حلال کئے ہوئے جانور کے گوشت مین جو خون رہ جاتا ہی وہ پاک ہی (۱۰) جدا ہونا غسالہ کا نجس کپڑے سے یا اور کوئی چیز سے دہو نیکے بعد۔ غسالہ یعنے کپڑے وغیرہ کو نچوڑنیکے وقت جو پانی گرتا ہی اوسکو غسالہ کہتے ہین۔

(۱۱) استبرا کرنا بعد پیشاب کے کہ وہ پاک کرنیوالا ہے اوس رطوبت مشتبہ کا جو بعد پیشاب کے نکلے جیسا طریقہ استبرا مین بیان ہوا ہی (۱۲) استبرا نجاست کہانیوالے حیوان حلال گوشت کا اوس حیوان کو قید کرنے سے اور پاک چیز کہلانے سے وہ حیوان پاک ہوجاتا ہے اونٹ کو چالیس دن بیل یا گائے کو بیس دن گوسفند کو دس دن اور مرغ آبی کو پانچ دن اور مرغ خانگی کو تین دن اور مچھلی کو ایک دن رات (۱۳) غائب ہونا مسلمان کا جو وقت وہ جانتا ہو کہ اپنا کپڑا یا بدن نجس ہے اور پھر اگر ایسا کام کرے

کے اررا
بہت سی چیز
کے جوش کھائے ہوئے
باقی رہے وہ پاک ہوجاتا ہے (۱۶) ہیجنا سوین سے پانی ...
کنوئین کا پانی تغیر سے نجس ہوگیا ہو تو پاک ہوجاتا ہے (۱۷) غسل میت
کہ وہ پاک کرتا ہے بدن میت مومن کو (۱۸) زائل ہونا تغیر کا کہ وہ پاک
کرتا ہے اوس پانی کو جو مادہ والا ہو مثل کنوئین کے (۱۹) آلات استنجا
کہ وہ پاک کرتے ہین پائخانہ کی جائے کو۔

## متنجس چیزونکو پاک کرنیکے بیانمین

جان تو کہ ہر نجس ہوئی چیز کو اتنا دہووے کہ نجاست نکلجائے اور بعد
نجاست نکلجانیکے دو دفعہ دہووے اور دو دفعہ نچوڑے اگر پیشاب ہو
اور اگر پیشاب نہ ہو تو ایک دفعہ دہونا اور نچوڑنا کافی ہے اگر وہ
چیز نچوڑنے کے قابل ہو اور اگر وہ چیز نچوڑنیکے قابل نہ ہو
تو فقط دہونا کافی ہے مگر آب کثیر مین مثل باؤلی اور کرا اور
دریا وغیرہ کے ایک دفعہ دہونا کفایت کرتا ہے بلکہ آب کثیر مین
نچوڑنا ضرور نہین اور اسی طرح کوئی جگہہ نجس ہو اور اوسپر
برسات برسے یا کوئی نجس چیز کو برسات مین رکہے تو عین

ن سے
یے دفعہ پانی
رب ی نجس ہوگیا ہو تو سات
... ک ر ن ... ب را چوہا جنگلی مرگیا تو اوس برتنکو تین دفعہ دہونا
بہتر ہے اگرچہ آب کثیر مین ایک دفعہ غوطہ دینا کفایت کرتا ہے اور کسی برتن
مین کتے نے پانی پیا ہو یا کتے نے چاٹا ہو
یا اوسکے منہہ کا پانی گرا ہو تو اوس برتن کو تین دفعہ دہونا چاہیے
اس طریقہ سے کہ اول اوسمین سوکہی خاک ڈال کر ملے اور بہتر ہے
کہ خاک اور پانی ملا کر ملے اور بعد دو دفعہ دہو وے اگر آب قلیل
ہو اور اگر آب کثیر ہو تو خاک ملنے کے بعد ایک دفعہ غوطہ دے
اور ہاتہ یا پاؤن یا دم کتے کی لگی ہو تو بہی ایسا دہونا بہتر ہے
اور اگر گوشت یا کوئی اناج نجس ہوگیا ہو تو اونکو اگر کسی پاک برتن
مین رکہکر یا کپڑے مین باندہ کر پاک کرنا چاہیے تو آب کثیر مین ایک
دفعہ غوطہ دے تو پاک ہوجاتا ہے اور اوسکے ساتہ وہ برتن یا کپڑا ہو
وہ بہی پاک ہوجاتا ہے اور اگر سخت زمین نجس ہوگئی ہو تو اوسپر
پانی بہاوے اور جہان پانی جمع ہووے اوسکو پاک کپڑون سے
بہگو کے اٹہا لیوے یا زمین مین سوراخ کرے کہ وہ پانی زمین کے
اندر چلا جاوے تو وہ زمین پاک ہوجاتی ہے ۔

## اقسام نماز کا بیان

کی
کی حید اورد
سے لیا ہو ساتوین،
اگر باپ سے مرض موت ... ہو ... ہوین ... عہد
یعنے خدا سے وعدہ کیا ہو۔ نوین نماز نذر کی یعنے منت کی دسوین
نماز قسم کی۔ گیارہوین نماز احتیاط کی یعنے ہر روز کی نماز مین
شک کیا تو پڑہنے کی نماز بارہوین نماز میت کی ہر روز پانچ
وقت کی نماز مین سترہ رکعتین فرض ہین ظہر کی چار رکعتین عصر کی چار
رکعتین مغرب کے تین رکعتین عشا کی چار رکعتین صبح کی دو رکعتین ہین۔

## مقدمات نماز واجب چھہ ہین

مقدمات۔ یعنے نماز پڑہنے کے آگے چھہ چیزین ہونا چاہین اگر
ان مین سے ایک چیز ہی کم ہو تو نماز ہو نہین سکتی اول ازالہ نجاست
یعنے دور کرنا نجاست کا اپنے بدن اور کپڑے سے اور سر کے بالون
وغیرہ سے سر کے پانون تک اور اگر اتنا کپڑا جس سے آگا اور پیچھا
نہ چھپا سکے مثل ازار بند اور ٹوپی وغیرہ کے نجس ہو تو جائز ہی۔ اگر
نماز پڑہنے کی جگھہ نجس ہو اور خشک ہو تو مضائقہ نہین رکھتا لیکن سجدے کی
جگھہ پاک ہونا چاہیئے دوسرے۔ طہارت یعنے وضو اور

ردو

پا نواجب

ہا پانواجب

ہے اور یا تہہ

ہو مضائقہ نہین لیکن اِس کا

رہے چوتہے وقت - یعنے جو نماز پڑہنی چاہتا ہو اوس نماز کا وقت ہونا چاہئے - پانچوین - قبلہ - یعنے قبلہ کیطرف سیدہا کہڑے ہو کے نماز پڑہنا چہٹے مباح ہونا مکان نماز کا یعنی غصبی نہو

## نماز کے وقتونکا بیان

صبح کی نماز کا وقت اول فجر سے یعنی صبح صادق سے آفتاب کے نکلنے تک ہی - اور ظہر کی نماز کا وقت آسمان کے بیچ سے سورج ڈہلتے ہی بقدر چار رکعت کے وہ خاص وقت ظہر کی نماز کا ہی اِسکے بعد ظہر اور عصر کا وقت ملا ہوا ہی جبتک کہ مغرب کو چار رکعت نماز کا وقت باقی ہو وہ وقت خاص عصر کا ہی اور مغرب کی نماز کا وقت آفتاب غروب ہونے کے بعد بقدر تین رکعت نماز پڑہنے کے وہ خاص وقت مغرب کا ہی اور علامت غروب آفتاب کی گذر جانا سرخی مشرق کا سر سے ہے بعد اِسکے مغرب اور عشا کا وقت ملا ہوا ہے جبتک کہ آدہی رات کو چار رکعت نماز پڑہنے کا وقت باقی ہو وہ خاص وقت عشا کا ہے -

## نماز پڑہنے والے کی کپڑونکا بیان

تدبیر

## نمازیت پڑھے

نیت نماز مثلاً ظہر کی نماز ادا پڑھتا ہون مین قربتہ الی اللہ
کہنا ادا عصر۔ یا مغرب۔ یا عشا۔ یا صبح۔ یا اور کوئی دوسری
نماز مثل نماز میت اور نماز آیات اور نماز احتیاط وغیرہ جو
نماز پڑھنا ہو اوس نماز کی دل مین نیت کرے اور اگر قضا
نماز پڑھنا ہو تو نیت کرتے وقت ادا کے مقام مین قضا کی نیت
کرے۔ الحمد کا سورہ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ
الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ مَالِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ اِھْدِنَا
الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّا
لِّیْنَ۔ ہو اللہ کا سورہ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ
اَللّٰہُ الصَّمَدُ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ
ذکر رکوع۔ یعنی رکوع مین پڑھنے کا ذکر سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ
وَبِحَمْدِہٖ ایک دفعہ یا سُبْحَانَ اللّٰہِ تین دفعہ کہنا کافی ہے ذکر
سجود۔ یعنی سجدے مین پڑھنے کا ذکر سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی
وَبِحَمْدِہٖ ایک دفعہ یا سُبْحَانَ اللّٰہِ تین دفعہ کہنا کافی ہے۔

۔ ایک رکعۃ

سہو

اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ سلام پہلا اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ۔ دوسرا سلام اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ۔ تیسرا سلام اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ ط

## نماز مین مستحب چیزون کے پڑہنے کا بیان

## اذان اور اقامت کے ثواب کے بیان مین

جاننا چاہیئے کہ اذان اور اقامت سنت موکدہ ہے ہر روز کی نماز کے واسطے ادا ہو یا قضا ہو۔ اگر جماعت کے ساتہ پڑہتا ہو تو اذان اور اقامتہ نہ کہے اسلئے کہ جماعت کی اذان اور اقامہ کافی ہے۔ اور حدیث مین حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص اذان اور اقامہ کہکر نماز پڑہے تو دو صف فرشتون کی مشرق سے مغرب تک اوسکے پیچہے نماز پڑہتے ہین اور اگر فقط اقامہ کہکر نماز پڑہے تو

وا سطے ر

کوئی شخص چالیس

عنایت ہوتا ہی جو بہتر اور بہو

ایمان کے راہ خدا مین ایک نماز کیوا

اپنی رحمت سی اوسکو گناہون کو بخش دیتا ہی اور باقی عمر مین بہی گناہ

کرنیسے بچاتا ہی اور وہ شخص جنت مین شہید ونکے ساتہ محشور ہوتا ہے

اور اگر کوئی شخص مسجد مین اذان کہے فقط خوشنودی خدا کیواسطے

تو خداوند عالم چالیس ہزار پیغمبرون کا ثواب عطا فرماتا ہی۔ اور

مین ہمارے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے وارد ہی کہ اگر کوئی

اذان کہے رضائی الہی کیواسطے تو خداوند کریم عطا فرماتا

اوسکو ثواب چالیس ہزار شہیدونکا اور چالیس ہزار صدیقو

اور اوسکی شفاعت سی چالیس ہزار گناہ گار جنت مین داخل ہونگے

اور جسوقت موذن با معرفت یعنی اذان کہنے والا صاحب معرفت

(اشہد ان لا الٰہ الا اللہ) کہے تو دعا اور استغفار کرتی ہین

اوس شخص کیواسطے ستر ہزار فرشتے اور قیامت کے دن خداوند

عالم بندون کے حسابسے فارغ ہوئے تک وہ شخص عرش الہی کے

سایہ مین رہیگا۔ اور اوس کا ثواب چالیس ہزار فرشتے اوسکی

نامۂ اعمال مین لکھتے ہین اور اسی طرحسے بہت حدیثین لکھی ہوئی ہین

ـرا ہاتھ ہو کو

ے فقرے

ـہد دو دفعہ اشہد اَنّ

ـن امیر المومنین علیاً حجۃ اللہ دو دفعہ

بقصد تبرک و استحباب پڑھے حیّ علی الصلواۃ دو دفعہ حیّ علی الفلاح

دو دفعہ حیّ علیٰ خیر العمل دو دفعہ اللہ اکبر دو دفعہ لا الٰہ الّا اللہ۔

## اقامت

اَللہ اکبر دو دفعہ اشہد ان لا الٰہ الّا اللہ دو دفعہ اشہد اَنّ محمد رسول اللہ دو دفعہ اشہد اَنّ امیر المومنین علیاً حجۃ اللہ دو دفعہ تبرکاً پڑھے حیّ علی الصلواۃ دو دفعہ حی علی الفلاح دو دفعہ حی علی خیر العمل دو دفعہ قد قامت الصلواۃ دو دفعہ اللہ اکبر دو دفعہ لا الٰہ الّا اللہ ایک دفعہ ہر نماز کی نیت کرنے کے آگے کھڑے ہو کر چھہ دفعہ تکبیر یعنے اللہ اکبر کہنا اور تکبیر کہتے وقت دونون ہاتون کو دونو کانون تک اُٹھانا مستحب ہی ہر رکوع مین بڑا ذکر رکوع تین دفعہ کہنا مستحب ہے ہر رکوع سے سر اوٹھانیکے بعد سمع اللہ لمن حمدہٗ کہنا مستحب ہے سجدہ مین بڑا ذکر سجود تین دفعہ کہنا مستحب ہی ہر رکعت کے دونون سجدون کے بیچ مین بیٹھے ہوئے استغفر اللہ ربی و اتوب الیہ کہنا مستحب ہی پہلی رکعت کے دونون سجدے تمام کرکے دوسری رکعت کیواسطے اوٹھتے وقت بحول اللہ و قوتہ اقوم و اقعد کہنا مستحب ہے

ہی ہیں۔
امام رضا علیہ

## زیارت حضرت ما

السلام علیک یا ابا عبد اللہ السلام علیک یا ابن رسول اللہ السلام علیک یا ابن امیر المومنین و ابن سید الوصیین السلام علیک یا ابن فاطمۃ الزہراء سیدۃ نساء العالمین السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

## زیارت حضرت امام رضا علیہ السلام کی

السلام علیک یا مولائی و ابن مولائی السلام علیک یا غریب الغرباء السلام علیک یا سلطان ابو الحسن علی بن موسی رضا ورحمۃ اللہ وبرکاتہ —

## بیان منافیات نماز کا

بارہ چیزین نماز کی باطل کرنے والی ہین اول حدث یعنی پیشاب اور پاخانہ اور ریح دویم تکفیر یعنے دونون ہاتون کو نماز پڑہتے وقت باندہنا بغیر تقیہ کے سیوم استدبار و انحراف یعنے قبلہ کیطرف پٹیہ کردینا یا قبلہ سے پہر جانا بائین یا سیدہی طرف کو چہارم کلام آدمی

پڑ جائے

ن بغیر تقیہ کے

وہ نماز کو باطل کرتا ہے

جیسا کہ شکیات مین بیان ہوا ہی دہم زیادہ یا کم کرنا کوئی ایک واجب غیر رکنی کا عمداً یازدہم زیادہ یا کم کرنا کوئی ایک واجب رکنی کا - دوازدہم ہر چیز جو توڑنے والی وضو اور غسل اور تیمم کی ہی عمداً ہو یا سہواً اختیار سے ہو یا بے اختیار ی سے باطل کرنے والی نماز کی ہے -

## شکیات نماز اکیس قسم کے ہین

پانچ قسم اونمین سے اعتبار نہین رکھتے وہ یہ ہین اول شک کرنا بعد سلام کے دوسرے شک کرنا بعد گذر جانے وقت کے تیسرے شک کرنا بعد گذر جانے محل کے چوتھے بہت شک کرنے والے کے شک کا بہی اعتبار نہین پانچوین شک امام اور ماموم کا جو شروع نماز سے امام کے ساتھ رہے جس صورت مین کہ دو مین سے ایک کو یقین ہو - اس شک کا بہی اعتبار نہین -

## بیان نماز باطل ہونے کے شکون کا

...کی

...ور سفر مین

...نہ نماز احتیاط مین شک نہ...

مسئلہ ۵۲ شک تین رکعتی نماز...

شک چار رکعتی نماز مین پہلی رکعت ہی یا دوسری ہی کرکے شک کرے
دونون سجدون کے آگے تو نماز باطل ہوتی ہی مسئلہ ۵۳ شک چار رکعتی نماز
مین دوسری ہے یا تیسری کرکے دونون سجدون کے آگے شک کرے تو
نماز باطل ہوتی ہی مسئلہ ۵۴ شک چار رکعتی نماز مین تین رکعت ہی یا پانچ
کرکے شک کرے جس حالت مین کہ کھڑا ہو تو بھی نماز باطل ہوتی ہے
مسئلہ ۵۶ شک چار رکعتی نماز مین تین رکعت ہی یا چھہ رکعت کرکے شک کرے
تو بھی نماز باطل ہوتی ہی مسئلہ ۵۷ شک نماز چار رکعتی مین چوتھی رکعت ہی
یا چھٹی رکعت کرکے شک کرے تو بھی نماز باطل ہوتی ہے۔ مسئلہ ۵۸
شک چار رکعتی نماز مین جو بالکل نہین جانتا کہ کتنی رکعت پڑھین تو
اس شک مین بھی نماز باطل ہوتی ہے۔

## بیان نماز صحیح ہونیکے شکون کا

جان تو کہ آٹھ قسم کے شکون مین نماز صحیح ہوتی ہے مگر اوس کا
علاج کیا چاہئے مسئلہ ۱ شک دوسرے یا تیسری رکعت ہی کرکے

پڑھے یا بیٹھکر دو رکعت

مین - دو اور تین اور چار مین

بعد دونون سجدونکے بنا چار رکعت پر رکھکر نماز کو تمام کری

اور بعد تمام کرنیکے دو رکعت نماز احتیاط کھڑے ہوکر پڑھے اور

دو رکعت بیٹھکر ۳ شک کرنا چار رکعتی نماز مین دو اور چار مین بعد

دونون سجدے تمام کرنیکے بنا چار رکعت پر رکھکر نماز کو تمام کرے بعد

اوسکے دو رکعت نماز احتیاط کھڑے ہوکر پڑھے ۴ شک تین اور چار مین جس مقام مین ہو بنا چار پر رکھکر نماز کو تمام کری

بعد اوسکے ایک رکعت نماز احتیاط کھڑے ہوکر پڑھے یا دو رکعت

بیٹھکر پڑھے ۵ شک چار اور پانچ مین بعد تمام کرنے دونون سجدونکے

بنا چار پر رکھکر نماز کو تمام کرے بعد اسکے دو سجدے سہو کے

بجالاوے اور اگر کھڑے ہونیکے حالمین چار اور پانچ کا شک

کرنے تو بیٹھہ جاوے اور نماز تمام کرے اور بعد اوس کے

ایک رکعت کھڑے ہوکر یا دو رکعت بیٹھکر نماز احتیاط پڑھے

۶ شک تین اور پانچ مین کھڑے ہونیکے وقت مین ہو تو بیٹھہ جاوے

اور نماز کو تمام کرے اوسکے بعد دو رکعت نماز احتیاط کھڑے ہوکر

پڑھے جیسا کہ دو اور چار رکعت کے شک مین بیان ہوا ہی - ۷

شک تین اور چار اور پانچ مین کھڑے ہونیکے حال مین بیٹھہ جاوے

او
کہڑے
کہڑتے ہوئے
تمام کرے بعدا
مقامون کے جو لکہے ہین ار مد
شکون کے جو کہڑے ہوینکے حالمین شد
تکبیر بجا اور بحول اللہ بجا کے واسطے اور تسبیحات اربعہ کے واسطے
اگر کہا ہو ہر ایک کے واسطے احتیاطاً دو وسجدے سہو کے بجا لاوے۔

## بیان سہویات نماز کا

سہویات نماز یعنے جو چیز نماز مین بہول گیا ہو بعد اوسکے یاد اوی اگر واجب رکنی ہی اور دوسرے رکن مین داخل نہ ہوا ہو تو پہر کر رکن اول کو بجالاکر رکن دوم مین جاوے جیساکہ سجدے کو جہک گیا اور سجدہ نہ کیا ہو اور یاد آیا کہ رکوع نہین بجالایا تو سیدہا کہڑے ہوکر رکوع بجالا کے سجدے مین جاوے اگر دوسرے رکن مین داخل ہو گیا ہو جیساکہ سجدے مین سر رکہنے کے بعد یاد آوے کہ رکن اول ادا نہین کیا تو نماز اوسکی باطل ہے ۔ اور اگر واجب غیر رکنی ہو اور رکن مین داخل نہ ہوا ہو تو جہانسے بہولا ہو وہانسے بجالاوے جیسا غیر المغضوب کہتے وقت یاد آوے کہ انعمت علیہم نہین کہا تو پہر انعمت علیہم کہکر غیر المغضوب کہے اور اگر واجب رکنی

۱۴

ی مستحب

ے ے لو بہتر یہ ہے

## جاننا چاہیئے کہ سجدۂ سہو پانچ چیزوں کے واسطے واجب ہین

اول - کلام بیجا یعنے بہولسے کوئی بات کرجاوے سوائے دعا و ذکر قرآن مجید کے دوم سلام بیجا یعنے تین رکعتی یا چار رکعتی نماز مین پہلے تشہد کے (اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا یا اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ) کہے سیوم تشہد فراموش شدہ یعنی بہولے ہوئے تشہد کے واسطے اگر صلوٰۃ بہولا ہو تو بہی سجدۂ سہو کرے - چہارم - چار [illegible] پانچ [illegible] کے شک مین بعد تمام کرنے دونون سجدون کے جیسا کہ شکیات نماز مین لکہا گیا ہی - پنجم - بہولے ہوئے سجدے کے واسطے دو سجدے سہو کے بجا لانا واجب ہی - اور کہڑے ہونیکے مقام مین بیٹہہ گیا ہو اور بیٹہنے کے مقام مین کہڑا ہو گیا ہو تو بہی سجدۂ سہو احتیاطاً ترک نہ کرے -

## سجدۂ سہو کے طریقے کا بیان

طریقہ سجدۂ سہو کا یہ ہی کہ سلام کہنے کے بعد اگر سجدہ یا تشہد فراموش شدہ کے لئے سجدۂ سہو کرتا ہو تو اوسکو پہلے بجا لائے اور بعد سجدۂ

جاکر

کہکر سر اوٹھا

اور پہلے سجدے مین جو

بیٹھکر (اَشْہَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ ا [illegible]

اَللّٰہُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ) کہے

## بیان نماز احتیاط کا

جان تو کہ نماز احتیاط کا طریقہ یہ ہی کہ بیٹھکر پڑہے یا کہڑی ہوکر پڑہے۔ اصل نماز تمام کرتی ہی بغیر اذان و اقامت کے جلدی سے نیت کرے اور تکبیر کہے بعد اوس کے فقط الحمد کا سورہ پڑہی اور نماز احتیاط مین قنوت نہین ہے باقی سب واجبات ہر روز کے نماز کے جیسا بجا لاکے تمام کرے اور اگر نماز احتیاط مین شک کرے تو بنا اوپر زیادتی کے رکہے جیسا کہ شک پہلی یا دوسری رکعت پر ہووے تو بنا دوسری پر رکہے مگر زیادتی مین فساد رکہتا ہو تو بنا کمی پر رکہے جیسا کہ دوسری رکعت ہی یا تیسری ہے کرکے شک کرے تو بنا دوسری پر رکہکر نماز تمام کرے۔

## بیان غسل میت اور حنوط اور کفن اور دفن کا

جاننا چاہیئے کہ میت کو تین غسل دینا واجب ہین۔ اول غسل آب

باب

ر کافور

ے اور حنوط یعنی

رو املو ٹھے پاؤن کے اور

رر دو ہتنے اور پیشانی پر واجب ہی اور کفن دینا

اور میت پر نماز پڑہنا اور دفن کرنا واجب ہی اور کفن مین تین پارچہ واجب ہین ۔ لنگ ۔ پیراہن ۔ لفافہ یعنے سرتاسری ۔ اور دفن مین اتنا واجب ہی کہ درندے جانورون سے اور بو باہر آنے سے محفوظ رہی اور یہ سب کام اذن سے ولی اور وارث کے ہون ـــــ

## بیان نماز میت کے طریقہ کا

جان تو کہ نماز میت پڑہنے کے واسطے کہڑے ہو کر یہ نیت کری کہ نماز پڑہتا ہون مین اس میت حاضر پر واجب قربۃً الی اللہ بعد نیت کے تکبیر کہے اور بعد تکبیر کے (اَشْہَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ وَاَشْہَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللہِ) کہکر دوسری تکبیر کہے اور بعد دوسری تکبیر کے (اَللّٰہُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ) کہکر تکبیر کہے اور بعد تیسری تکبیر کے (اَللّٰہُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ) کہکے چوتہی تکبیر کہے اور بعد چوتہی تکبیر کے (اَللّٰہُمَّ اغْفِرْ لِہٰذَا الْمَیِّتِ) کہے بعد اسکے پانچوین تکبیر کہکر نماز کو تمام کرے ۔

یعنے
اول کہڑے ہوے
چاند گہن یا سورج گہن یا
قربۃً الی اللہ بعد نیت کے تکبیرۃ الاحرام یعنے اللہ اکبر کہے بعد اسکے
الحمد کا سورہ اور دوسرا کوئی ایک سورہ پڑہ کر رکوع مین جاوے
اور ذکر رکوع کہے اور رکوع سے سر اوٹہاوے تب اللہ اکبر کہے
اور سمع اللہ لمن حمدہ نہ کہے اور پہر سورۂ الحمد اور ایک سورہ
مثل اول کے پڑہے اور پہر رکوع مین جاوے اور ذکر رکوع کہے اور
رکوع سے سر اوٹہاوے تب اللہ اکبر کہے اور اسیطرح اور تین رکوع
ادا کرے اور کہڑے ہوکر سجدہ مین جاوے اور دونون سجدے
ادا کرے بعد اوسکے کہڑے ہوکر مثل اول کے دوسری رکعت مین بہی
پانچ رکوع بجالاوے اور پہر دونون سجدے بجالاکر سر اوٹہاوے
بعد اوسکے بیٹہہ کر تشہد پڑہ کر سلام کہے —

## طریقہ نماز عیدین کا

جاننا چاہئے کہ نماز ہر عید کی دو رکعتین ہین نو تکبیرین اور نو قنوت
کے ساتہ — پہلی رکعت مین سورۂ الحمد کے بعد ایک اور سورہ پڑہ کر
پانچ تکبیر و نسے پانچ قنوت پڑہے — اور دوسری رکعت مین بعد

در

سری کعت

پہڑہی اور قنوت

سے جو قنوت چاہی پڑہیے مگر

یہ دعاے سوت پڑہنا افضل ہی - اَللّٰھُمَّ اَھْلَ الْکِبْرِیَاءِ وَالْعَظَمَۃِ وَاَھْلَ الْجُوْدِ وَالْجَبَرُوْتِ وَاَھْلَ الْعَفْوِ وَالرَّحْمَۃِ وَاَھْلَ التَّقْوٰی وَالْمَغْفِرَۃِ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ ھٰذَا الْیَوْمِ الَّذِیْ جَعَلْتَہٗ لِلْمُسْلِمِیْنَ عِیْدًا وَّلِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ ذُخْرًا وَّشَرَفًا وَّکَرَامَۃً وَّمَزِیْدًا اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تُدْخِلَنِیْ فِیْ کُلِّ خَیْرٍ اَدْخَلْتَ فِیْہِ مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تُخْرِجَنِیْ مِنْ کُلِّ سُوْءٍ اَخْرَجْتَ مِنْہُ مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ صَلَوَاتُکَ عَلَیْہِ وَعَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْنَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ خَیْرَ مَا سَئَلَکَ بِہٖ عِبَادُکَ الصَّالِحُوْنَ وَاَعُوْذُ بِکَ مِمَّا اسْتَعَاذَ مِنْہُ عِبَادُکَ الْمُخْلَصُوْنَ ۝

## نماز جماعت کے ثواب کا بیان

جان تو کہ ثواب نماز جماعت کا بہت ہی اوسمین سے مختصر یہ ہی کہ ایک نماز جماعت سے مقابل پچیس نماز فرادہ کی ہی - اور حدیث مین وارد ہی کہ صفین جماعت کی مثل ملائکون کی صفون کے ہوتی ہین اور خداوند کریم اوسکی مرادون کو برلاتا ہی جو نماز جماعت کے بعد

ا
واسطے
اور اوس
اوس کو مسلمانون کے [illegible]
بہتر نہین تو اوسکے گہر کو جلانیکا حکم ہے۔ اور حدیث مین وارد ہے
کہ جو شخص پانچ وقت نماز جماعت مین پڑہے تو اوسپر گمان سب نیکیونکا
کرے یعنی اوسپر بدیکا گمان نہ کرنا چاہیئے اور مثل اسکے بہت
سی حدیثین نماز جماعت کی تاکید مین لکہی ہین طول ہونیکے سبب
نہین لکہین اگر کسی کو شوق ہے تو کتب مین دیکہے یا عالم سے پوچہے

## پیش نماز کی شرطونکا بیان

شرطین نماز جماعت کے واسطے یہ ہین کہ پیش نماز مومن اثنا عشری
ہو اور عارف مسئلہ یعنے عامتہ البلویٰ مسائل جانتا ہو اور عقل والا
ہو یعنے دیوانہ نہ ہو اور مردون اور عورتون اور خنثیٰ مشکلہ کی پیش نماز
مرد کرسکتا ہے اور عورت عورتونکی پیش نماز ہی کرسکتی ہے۔
اور حلال زادہ ہو یعنے حرامزادہ نہ ہو اور حرفونکو مخرجسے ادا کرتا ہو
صحیح القرأت ماموین کے لئے اور بالغ شرعی ہو بالغ ماموین کیلئے
اور بہتر یہ ہے کہ اندہا اور کوڑہی اور مبروص اور بے ختنہ

د

ے لو

ں اور نماز عیدین

ر عالم اور مجتہد ہو تو اوسکی

ے پڑہنا بہت بہتر ہے کہ نماز پنجگانہ امام عادل کے پیچھے پڑہنی ایک نماز کا ثواب ہزار نماز بے جماعت کی پڑہی ہوئی کے برابر ہی اور نماز پانچ وقت کی جماعت سے پڑہنے کی حدیثون مین بڑی تاکید ہے اور جماعت کو کچھہ چیز نہ سمجھہ کر ترک کرے تو اوسکے واسطے آخرت مین عذاب بہت ہی اور دنیا مین اوسکی غیبت کرنا واجب ہی اور عالم عادل کے پیچھے جامع مسجد مین ایک نماز کا ثواب لاکھہ نماز کے برابر ہوتا ہے اور غیر عالم کے پیچھے پڑہے یعنی فقط مؤمن عادل کے پیچھے پڑہے تو دو ہزار نماز کا ثواب ہوتا ہی۔

## روزی کے ثواب کا بیان

جاننا چاہئیے کہ روزہ افضل ہے عبادت اور اکمل طاعات سے ہی اور احادیث کثیرہ فضیلت مین روزے کے وارد ہین یہان صرف ایک فضیلت بیان کیجاتی ہے۔ حدیث قدسی مین حق سبحانہ تعالے ارشاد فرماتا ہے کہ (اَلصَّوْمُ لِی وَاَنَا اُجْزِیْ بِہٖ) یعنے روزہ خاص میرے لئے ہے اور خود مین اوسکی جزا ہون پس چاہئیے

روزہ

تو بقول بعض

روز بہی کوڑے مار کر چہوڑے جاویں گے روز

عذاب قیامت شدید تر ہی۔ اور اقسام روزے کے بہت ہین

یہان صرف احکام روزۂ ماہ رمضان المبارک کا مختصراً بیان ہوتا ہی

## تحقیق رویت ہلال کا بیان

رویت ہلال پانچ چیزون سے ثابت ہوتی ہے اول خود اپنی آنکہہ سے چاند دیکہنا دوسرے شیاع یعنے چند مرد و زن خواہ مسلمان ہون یا کافر یا عورت ہون یا بچے چاند دیکہنے کی گواہی دین کہ جس سے یقین یا مظنہ قریب بہ یقین حاصل ہو۔ تیسرے۔ تیس دن برابر گزر جانا ہر ماہ کے اول سے۔ چوتہے۔ حکم سے حاکم شرع کے سوا ان پانچ صورتون کے اور کسی طرح مثل تقویم اور نجومی کے قول وغیرہ سے چاند ثابت نہین ہوتا۔ پانچوین۔ گواہی دو عادل کی رویت ہلال اور ثبوت

## شرطین روزہ واجب ہونیکی

سالم

پہے باعث

ہو نہ ہو۔ ساتوین

۔ا ٹھوین خوف تلف نفس محترمہ یا خوف

تلف نفس و تلف نہ ہو۔ نوین بیہوش نہ ہونا کہ جسمین حواس
درست نہ ہون۔ دسوین۔ خالی ہونا حیض اور نفاس سے

## حقیقت روزہ اور دعائی سحر و افطار کا بیان

جاننا چاہیے کہ روزہ مراد ہی اس سے کہ مکلف اپنی کو باز رکھے
اشیائی مخصوصہ سے ایک وقت معین تک اور وقت روزی کا
طلوع صبح صادق سے غروب شرعی تک ہی اور علامت غروب
کی یہ ہے کہ سرخی مشرق کی سر سے گذر جائے اور ثواب سحر
کہانے کا بہی بہت ہے یہانتک تاکید ہے کہ اگر اشتہا نہ ہو تو
ایک لقمہ یا ایک گہونٹ پانی پی لے اور خدائتعالے اور ملائکہ
صلواۃ بہیجتے ہین سحر کہانیوالونپر اور قبل طلوع صبح صادق سے
نیت روزے کی رہے اور تا شام کوئی مفطر عمل مین نہ لاوے
اور مختصر ترین دعا ہائے سحر یہ ہی۔ (یَا مَفْزَعِی عِنْدَ کُرْبَتِی وَ یَا
غَوْثِی عِنْدَ شِدَّتِی اِلَیْکَ فَزِعْتُ وَ بِکَ اسْتَغَثْتُ وَ بِکَ لُذْتُ
لَا اَلُوْذُ بِسِوَاکَ وَ لَا اَطْلُبُ الْفَرَجَ اِلَّا مِنْکَ فَاَغِثْنِی وَ فَرِّجْ عَنِّی یَا مَنْ

وَیَا غَایَتِی فِی رَغْبَتِی اَنْتَ اِ

فَاغْفِرْلِی خَطِیئَتِی یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِینَ) اور مستحب ہی کہ بعد نماز مغرب خرما سے افطار کرے اور قبل افطار یہ دعا پڑہے (یَا عَظِیمُ یَا عَظِیمُ اَنْتَ اِلٰہِی لَا اِلٰہَ لِی غَیْرُکَ اِغْفِرْلِی الذَّنْبَ الْعَظِیمَ فَاِنَّہُ لَا یَغْفِرُ الذَّنْبَ الْعَظِیمَ اِلَّا الْعَظِیمُ) بعد اسکے کہے۔ (اَللّٰہُمَّ لَکَ صُمْتُ وَعَلٰی رِزْقِکَ اَفْطَرْتُ وَعَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ)

## زکواۃ فطرہ کا بیان

جاننا چاہئیے کہ زکواۃ فطرہ واجب ہی ہر بالغ وعاقل پر اور شرط قبولیت صوم ہے یعنی بغیر اوسکے دئیے روزہ قبول نہین ہوسکتا جب ایک برس کا قوت اوس کا اور اوسکی اہل و عیال کا ہو یا قادر کسب قوت سالانہ پر ہو پس اسصورت مین جو اناج اکثر کہاتا ہو یا گیہون یا جو یا مویز یا خرما پونے چار سیر دی یا قیمت شے اور جو اوسکے پاس کہانا کہاتے ہون اونکا فطرہ بہی واجب ہے اور فطرہ مستحق مومن شیعہ کو دے اگر فطرہ سید کا ہی تو سید اور غیر سید دونون لے سکتے ہین اور غیر سید کا فطرہ سید نہین لے سکتا

س ہین پہلے کہانا عمداً ـ

ے پینا عمداً تیسرے جنب ہونا عمداً چوتھے
عمداً جھوٹ کہنا خدا اور رسول و ائمہ علیہم السّلام پر جیسا کہ جھوٹا مسئلہ
بیان کرنا علی الاحوط پانچوین ارتماس یعنی تمام سر کا پانی مین ڈوبنا
عمداً علے الاحوط چھٹی غبار پہونچانا حلق مین مثل خاک وغیرہ کے عمداً
ساتوین عمداً قے کرنا اختیار سے آٹھوین حقنہ کرنا یعنی کسی پتلی
دوا کو پایخانہ کے مقام سے پیٹ مین پہونچانا نوین جنابت پر باقی رہنا
طلوع فجر تک یعنے عمداً غسل جنابت یا تیمم نہ کرنا صبح صادق تک ـ
دسوین سو جانا جنب کا تیسرے مرتبہ مین صبح صادق تک جسصورتمین
کہ یقین نہ رکھتا ہو کہ مین غسل کے لئے ایسے وقت مین بیدار ہو سکتا ہون
کہ امکان غسل کا یا تیمم کا رکھتا ہو ـ

## زکوۃ فطرہ کا بیان

جاننا چاہئے کہ زکوۃ فطرہ واجب ہی ہر بالغ و عاقل پر اور شرط قبولیت
صوم ہے یعنے بغیر اوسکے دئے کے روزہ قبول نہین ہو سکتا جب ایک
سال کا قوت اوس کا اور اوسکے اہل و عیال کا ہو یا قادر

ست

ست سکنے

ماہ رمضان قبل سے

پر واجب ہوتا ہی۔

# قربانی کا بیان

جاننا چاہئے کہ روز عید قربانی۔ قربانی سنت موکدہ ہے اور
بعض علمانے واجب جانا ہے اور اوسکی بڑی تاکید ہے چنانچہ
لکہا ہے کہ اگر ایک شخص ایک قربانی نہین کرسکتا تو ستر آدمی
ملکر ایک قربانی کرین پس چاہئے کہ روز عید قربانی کرے
اگر نہ ہوسکے تو گیارہوین اور بارہوین تک بہی کرسکتا ہے
اگر چہیلا ہو تو چاہئے کہ ایک سال کا پورا اور اگر پوٹلا ہو تو چہہ ہینے
کا پورا ہوا ور بے عیب ہو یعنی اندہا اور کانا اور لنگڑا اور
سینگ ٹوٹا اور کان کٹا ہوا نہ ہو اور خصی نہ ہو سنت ہے کہ
خود ذبح کرے اگر نہ ہو سکے تو قصاب کے ہاتہ پر ہاتہ رکہے اور
قربانی کو رو بقبلہ لٹائے اسطرح سے کہ سر اوس کا داہنی طرف
رکہے اور بائین ہاتہ سے گلا پکڑ کے چہری تیز پہیر دے اور پیٹہ چہری

ین
بلی ومحیای
رت وانا من المسلمین
سا ذبح کرے اور کہے اللہم تقبل
منی - اگر ایک حیوان مین چند شریک ہون تو منہم کہے اور اوسکی
گوشت سے افطار کرے اور ایک حصہ خود خرچ کرے اور ایک حصہ
تقسیم کرے ہمسایہ کو اور ایک حصہ فقراکو بانٹے -

## حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت کے ثواب کے بیان مین

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ قبر مطہر جناب سید الشہدا سے
آسمان تک ملائکون کے آنے جانیکا محل ہے جو ہر صبح اور شام فرشتے زیارت
حضرت امام حسین علیہ السلام کو حاضر ہوتے ہین اور حدیث شریف مین وارد
ہوا ہی کہ کسی نے پوچھا جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ مجھسے ایک
سال حج فوت ہوا ہی اور مین مالدار ہون ہو سکتا ہی کہ کچھہ مال اپنا صرف
کرون جو حج کا ثواب حاصل ہو حضرت نے فرمایا دیکھو کوہ ابو قبیس کو یعنی
(مکہ مین جو بڑا پہاڑ ہے) اگر یہی سونا ہو جاوے اور راہ خدا مین
صرف کرے تو بھی ثواب حج کا حاصل نہین ہو سکتا - پس دیکھئے
مرتبہ اپنے آقا جناب امام حسین ابن علی علیہما السلام کا کہ ابن قولویہ
نے سند معتبر سے جناب صادق علیہ السلام سے روایت کی ہی کہ حضرت نے

خدا اوسکے نامہ ۔

متعجب ہوکر بولین آپکے ایک حجکا ثواب ہوگا حضرت نے فرمایا بلکہ
میرے دو حجونکا ثواب ہوگا۔ وہ زیادہ متعجب ہوکر بولین دو حج کا ثواب
نبوا رحسین کو ہوگا حضرت نے فرمایا بلکہ چار حجونکا ثواب ہوگا۔
پس یون ہی حضرت عائشہ تعجب کرتی تہین اور حضرت زیادہ کرتے
تہے یہانتک کہ پہونچے نو د حج تک کہ انکے ساتھ عمرے بہی بجا لائے ہون

## انتباہ در مسئلہ تقلید مجتہد حی و غیر حی ۔

جاننا چاہیئے کہ مجتہد غیر حی کی تقلید کرنیمین اختلاف ہی بعضے علما جائز
اور بعضی غیر جائز جانتے ہین۔ اور اسیطرح بقا بر تقلید میت مین اختلاف ہے
بعضے علما حرام اور بعضی جائز اور بعضی واجب جانتے ہین جیسے حجۃ الاسلام
سرکار شریعت مدار میرزا محمد حسن نجفی اعلی اللہ مقامہ حرام جانتے ہین
لیکن اب اعاظم مجتہدین احیاء اکثر جائز جانتے ہین پس مسئلہ ہذا مین
کوئی ایک مجتہد حی کی تقلید کرین اور اون کے بعض اسمائے گرامی
درج ذیل ہین۔ حجۃ الاسلام سرکار شریعت مدار شیخ محمد حسین المازندرانی
مد ظلہم العالی ۔ ابن سرکار شیخ زین العابدین المازندرانی

ہے اور جب قمر

ں زمانہ مین ممنوع ہی باقی اور کسی کام کیلئے

براہمین ہندوستان کے حساب قمر در عقرب مین اختلاف ہی اس لئے
جدول دونون حسابونکی جدا جدا لکہی جاتی ہے ان جدولونکا طریقہ آزمایا ہوا ہے
کہ کبہی گنتی مین اسکے خلاف نہین ہوتا ہے اور گنتی ہر مہینے کی قمر در عقرب کی رقم
ہندسہ سے ہر مہینے کے نام کی جدول مرقومہ مین لکہی گئی ہے وہ یہ ہی اور ہندی
مہینون کو از روئے جنتری عربی مہینون سے مطابق کرلین —

| کاتک مین | اگہن مین | پوس مین | ماگہ مین | پہاگن مین | چیت مین |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱-۲-۳ | ۲۸-۲۹-۳۰ | ۲۶-۲۷-۲۸ | ۲۳-۲۴-۲۵ | ۲۱-۲۲-۲۳ | ۱۸-۱۹-۲۰ |
| بیساکہ مین | جیٹہ مین | اساڑہ مین | ساون مین | بہادون مین | کنوار مین |
| ۱۶-۱۷-۱۸ | ۱۳-۱۴-۱۵ | ۱۱-۱۲-۳ | ۸-۹-۱۰ | ۶-۷-۸ | ۳-۴-۵ |

اور فارسیون کے حساب سے جدول قمر در عقرب کی
یون مطابق ہندی مہینونسے ہوتی ہے

| کاتک مین | اگہن مین | پوس مین | ماگہہ مین | پہاگن مین | چیت مین |
|---|---|---|---|---|---|
| ۲۹-۳۰-۱ | ۲۶-۲۷-۲۸ | ۲۴-۲۵-۲۶ | ۲۱-۲۲-۲۳ | ۱۹-۲۰-۲۱ | ۱۶-۱۷-۱۸ |
| ۱۴-۱۵-۱۶ | ۱۱-۱۲-۱۳ | ۹-۱۰-۱۱ | ۶-۷-۸ | ۴-۵-۶ | ۱-۲-۳ |

محرم

۱-۳-۱۱

رجب

| ۲۰-۱۴ | ۱۳-۱۲ |
|---|---|

| یہ تاریخیں ہیں حسب ارشاد جناب امام جعفر صادق ہر کام کیلئے بری ہیں | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| محرم | صفر | ربیع الاول | ربیع الثانی | جمادی الاول | جمادی الثانی |
| ۲۲ | ۱۰ | ۴ | ۲۸ | ۲۸ | ۱۲ |
| رجب | شعبان | ماہ رمضان | شوال | ذی قعدہ | ذی حجہ |
| ۱۱ | ۲۶ | ۲۴ | ۲ | ۲۸ | ۲۸ |

| یہ تاریخیں ہیں ہر مہینے کی بری ہیں بیت | | |
|---|---|---|
| سہ[۳] و پنج[۵] و سیزدھم[۱۳] شانزدہ | | بست و یک بست و چہار و بست و پنج |

| نام چہاردہ معصوم | کنیت | لقب | مولد و سنہ ولادت | مدفن و سنہ وفات | نام قاتل و سبب وفات |
|---|---|---|---|---|---|
| محمد | ابو القاسم | مصطفےٰ | مکہ شعب ابوطالب عام الفیل | مدینہ حجرہ طاہرہ سنہ ۱۱ھ | یہودیہ - زہر |
| فاطمہ | ام الحسن ام الحسین وام الحسنین وام الائمہ | زہرا زکیہ مریم کبریٰ صدیقہ | مکہ معظمہ سنہ ۵ بعثت پیغمبر | مدینہ حجرہ طاہرہ سنہ ۱۱ھ | • |
| علی | ابو تراب ابو الحسن | مرتضےٰ | خانہ کعبہ سنہ ۱۲ عام الفیل | نجف اشرف سنہ ۴۰ھ | ابن ملجم شمشیر زہر |
| حسن | ابو محمد | مجتبےٰ | مدینہ سنہ ۲ھ | مدینہ جنت البقیع بعد سنہ ۵۰ھ | اسماء زہر |
| حسین | ابو عبد اللہ | شہید و سید الشہدا | مدینہ منورہ سنہ ۴ھ | کربلائے معلی سنہ ۶۱ھ | خنجر شمشیر |
| علی | ابو محمد و ابو الحسن | زین العابدین سید الساجدین | مدینہ منورہ سنہ ۳۷ھ | مدینہ منورہ جنت البقیع سنہ ۹۵ھ | ہشام یا ولید زہر |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | ھ | منصور زہر |
| | | | | کاظمین سنہ ۱۸۳ھ | ہارون رشید زہر |
| | | رضا | مدینہ سنہ ۱۴۸ھ | خراسان سنہ ۲۰۳ھ | مامون رشید زہر |
| محمدؑ | ابو جعفرؑ | جواد و تقی و قانع و عالم | مدینہ سنہ ۱۹۵ھ | کاظمین سنہ ۲۲۰ھ | معتصم زہر |
| علیؑ | ابو الحسن | نقی و ہادی | حوالی مدینہ مرایعد سنہ ۲۱۴ھ | سامرہ سنہ ۲۵۴ھ | معتمد عباسی زہر |
| حسنؑ | ابو محمدؑ | عسکریؑ | مدینہ منورہ سنہ ۲۳۲ھ | سامرہ سنہ ۲۶۰ھ | معتمد عباسی زہر |
| محمدؑ | ابو القاسم | الخلف المہدی الحجۃ قائم بالخلق ۔ | سامرہ بعد سنہ ۳۲۱ھ | غیبت سامرہ سنہ ۳۲۵ھ | تجسس ظلمہ |

## تاریخ ماہ و روز ولادت چہاردہ معصومین علیہم السلام ۔ یہ تاریخ ہر کام کیلئے بہتر ہے

| ماہ | تاریخ | روز | اسماء مبارکہ چہاردہ معصومین علیہم السلام |
|---|---|---|---|
| محرم | ۰ | ۰ | ۰ |
| صفر | ۳ | دوشنبہ | محمدؑ باقر ۔ و موسیٰ کاظم ۷ و ۱۷ ۔ یکشنبہ |
| ربیع الاول | ۱۷ | جمعہ | محمدؐ الرسول اللہ ۔ و جعفر صادق ۱۷ ۔ دوشنبہ |
| ربیع الثانی | ۱۰ او ۴ | دوشنبہ | امام حسنؑ ۔ عسکری علیہ السلام ۔ |
| جمادی الاول | ۱۵ او ۵ و ۲ | شنبہ و جمعہ و یکشنبہ | زین العابدین علیہ السلام |
| جمادی الثانی | ۲۰ | جمعہ | فاطمہؑ زہرہ صلواۃ اللہ علیہا ۔ |
| رجب | ۱۳ ۔ | ، | علیؑ مرتضےٰ و محمدؑ تقی ۱۰ ۔ و علی نقی ۲ ۔ |
| شعبان | ۳ | پنجشنبہ | امام حسینؑ و امام مہدی ۱۵ ۔ جمعہ ۔ |
| رمضان | ۱۵ | سہ شنبہ | امام حسنؑ ۔ |
| شوال | ۰ | ۰ | ۰ ۰ |
| ذی قعدہ | ۱۱ و ۲۱ | پنجشنبہ | امام موسیٰ رضا ۔ |
| ذی حجہ | ۰ | ۰ | ۰ |

| ماہ ہا | تاریخہائے سعد و نحس — سفیدی علامت سعد ہے اور سیاہی علامت نحس ہے | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| محرم | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ | ۱۵ | ۱۶ | ۱۷ | ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ | ۲۱ | ۲۲ | | | | | | | |
| صفر | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ | ۱۵ | ۱۶ | ۱۷ | ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ | ۲۱ | ۲۲ | | | | | | | |
| ربیع الاول | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ | ۱۵ | ۱۶ | ۱۷ | ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ | ۲۱ | ۲۲ | ۲۳ | | | | | | |
| ربیع الثانی | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ | ۱۵ | ۱۶ | ۱۷ | ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ | ۲۱ | ۲۲ | ۲۳ | | | | | | |
| جمادی الاول | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ | ۱۵ | ۱۶ | ۱۷ | ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ | ۲۱ | ۲۲ | ۲۳ | | | | | | |
| جمادی الثانی | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ | ۱۵ | ۱۶ | ۱۷ | ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ | ۲۱ | ۲۲ | ۲۳ | | | | | | |
| رجب | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ | ۱۵ | ۱۶ | ۱۷ | ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ | ۲۱ | ۲۲ | ۲۳ | ۲۴ | | | | | |
| شعبان | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ | ۱۵ | ۱۶ | ۱۷ | ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ | ۲۱ | ۲۲ | ۲۲ | ۲۴ | | | | | |
| رمضان | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ | ۱۵ | ۱۶ | ۱۷ | ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ | ۲۱ | ۲۲ | ۲۳ | ۲۴ | ۲۵ | | | | |
| شوال | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ | ۱۵ | ۱۶ | ۱۷ | ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ | ۲۱ | ۲۲ | ۲۳ | ۲۴ | ۲۵ | ۲۶ | | | |
| ذی قعدہ | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ | ۱۵ | ۱۶ | ۱۷ | ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ | ۲۱ | ۲۲ | ۲۳ | ۲۴ | ۲۵ | ۲۶ | ۲۷ | | |
| ذی حجہ | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ | ۱۵ | ۱۶ | ۱۷ | ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ | ۲۱ | ۲۲ | ۲۳ | ۲۴ | ۲۵ | ۲۶ | ۲۷ | ۲۸ | ۲۹ [illegible] |

شہ

۱۱۰

سنہ ۱۳۱۲ھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین و العاقبۃ للمتقین و الجنۃ للمومنین و النار للمشرکین الصلوٰۃ و السلام علی رسولہ و حبیبہ و خلیلہ و صفیہ و نجیہ و سید رسلہ و خاتم انبیائہ محمد و اہلبیتہ الطیبین الطاہرین المعصومین و اصحابہ المکرمین المنتجبین الصالحین التابعین۔ اما بعد احقر العباد دلم یز لی امیر کاظم علی ابن میر جعفر علی غفر اللہ ذنوبہما عرض کرتا ہے کہ جب یہ رسالہ مسلمی بچراغ ہدایت عاصی نے دیکھا تو فی الواقع چراغ ہدایت نہین بلکہ شمس الہدایت کہنا چاہیئے عام لوگون کے لئے مثل اطفال مومنین کے کہ ابتدا مین تعلیم اس رسالہ کی نہایت مفید و کافی ہو گی مگر البتہ چند اذکار بھی مبتدیون کے لئے گوش زد رہنا بہت ضرور ہے اور وہ رسالۂ مذکورہ مین نہ تھے لہذا چند سطور بطور ضمیمہ اس رسالہ سے ملحق کی گئین۔ وفقنا اللہ و ایاکم لابتغاء مرضاتہ و سلوک سبیل طاعاتہ فی جمیع اناء اللیل و النہار بالنبی و آلہ الاطہار

ت
ماننا
ت خداوند عالم
ہ دلہ تا وقتیکہ کسی شخص
ہو اوسکی شان وعظمت قلب پر حاوی نہ ہوگی

